© rasailojaraid.com



کے ساتھ تعلق کم ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آپ بعض مواقع پر الزامی جواب کافی سمجھتے ہیں اور کسی علمی ذخیرہ کی طرف رجوع کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔''

زیرِ نظر مجموعہ جوابات ''احسن الجواب'' اس قسم کے اعتراضات کے جوابات کا پہلا مجموعہ ہے جس کی دلچسپی کتاب کے آخر تک برقرار ہے۔ امید ہے محترم مفتی صاحب اس کا دوسرا حصہ بھی جلد منظرِ عام پر لائیں گے۔

---

کتاب: حضرت ابوسفیان اور ان کی اہلیہ　　تالیف: حضرت مولانا محمد نافع صاحب جھنگ

ضخامت: ۱۴۴　　قیمت: ۔/۱۰۰ روپے　　ناشر: دار الکتاب۔ غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

زیرِ تبصرہ مختصر کتاب میں مؤلف علامہ نے حضرت ابوسفیان بن حرب اور انکی اہلیہ ہند بنت عتبہ کے سوانح مختصر ذکر کیے ہیں۔ اور ساتھ ہی بعض شبہات کا ازالہ بھی کر دیا گیا ہے۔

موجودہ اشاعت سے پہلے مولانا محمد نافع صاحب نے حضرت ابوسفیان اور ان کی اہلیہ کے عنوان سے ایک مختصر کتابچہ طبع کرایا تھا جس کی علمی دنیا میں بہت پذیرائی ہوئی۔ اب اس کی اشاعت ثانیہ میں کافی اصلاح اور ترمیم کی گئی ہے۔ اور بعض ضروری حوالہ جات کا اضافہ بھی کر دیا گیا ہے اور اس کے ساتھ بطور تکملہ وتتمہ کے حضرت ابوسفیان کے لائق اور نامور فرزند یزید بن ابی سفیان کا مختصر تذکرہ اور اسی طرح ان کی خوش نصیب صاحبزادی ام المومنین حضرت ام حبیبہؓ کا ذکر بھی آیا ہے۔

اس کتاب کے متعلق حضرت مولانا سید حامد میاں رقمطراز ہیں:

''حضرت مولانا محمد نافع صاحب کی ذاتِ گرامی محتاجِ تعارف نہیں۔ آپ فضلاء قدیم دارالعلوم دیوبند میں سے ہیں۔ حق تعالیٰ نے آپ کو علم فہم اور قلم کی نعمتوں سے نوازا ہے اور سب سے بڑا انعام یہ ہے کہ تحریرات میں اعتدال ہے' تقویٰ ہے' اور اتباع اسلاف۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس راہ پر قائم رکھے۔ آپ کے دو نئے رسائل کے مطالعہ کا موقع ملا۔ جن کا موضوع حضرت ابوسفیان اور ان کی اہلیہ ہیں۔ آپ نے ان ہر دو حضرات کی فضیلتیں جمع فرمادی ہیں۔ جن کے مطالعہ سے معلوم ہوگا کہ جناب رسالت مابؐ کے فیض صحبت مبارکہ کی تاثیرات کتنی عظیم تھیں۔ اسلام لانے سے پہلے یہ کیا تھے؟ اور اسلام لانے کے بعد ان میں کیا انقلاب آیا؟ یہ جناب رسول اللہ ﷺ کا معجزہ بھی ہے اور ان زوجین کرامؓ کی عظیم ترین خوش نصیبی اور فضیلت بھی۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ ہم سب صحابہ کرام کی تعظیم ہی کرتے رہیں ان سے محبت رکھیں۔ اور آخرت میں ان اور جناب رسول اللہ کے ساتھ محشور ہوں۔

© rasailojaraid.com